روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editoralfazl@gmail.com

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعرات 22 ستمبر 2016ء 19 ذوالحج 1437 ہجری 22 تبوک 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 215

ہر گھر سے تلاوت کی آواز

ایک تابعی ابوالزناد بیان کرتے ہیں کہ:۔

میں مدینہ میں سحری کے وقت گھر سے مسجد نبویؐ جانے کے لئے نکلتا تو جس گھر کے سامنے سے بھی میرا گزر ہوتا اسی میں سے قرآن کریم کی تلاوت کرنے والے کی آواز آرہی ہوتی تھی تو ہم نوجوان جب کسی کام کیلئے اکٹھے نکلتے تھے تو یہ طے کرلیا کرتے تھے کہ علی الصبح جب قاری حضرات قرآن کریم کی تلاوت کرتے ہیں اس وقت ہم فلاں جگہ اکٹھے ہوں گے۔

(مختصر قیام اللیل لمحمد بن نصر المروزی، باب الاستغفار بالاسحار والصلاۃ فیھا)

اخلاق عالیہ رفقاء حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ایک بار حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے اپنے بعض خدام کو یہ کام سپرد فرمایا کہ وہ قرآن مجید کے اسماء، افعال اور حروف کی فہرستیں تیار کریں۔ اس طریق سے خدام میں قرآن مجید کی خدمت اور اس پر غور و فکر کی عادت پیدا کرنا مقصود تھا۔ مولوی ارجمند خان صاحب کا بیان ہے کہ اس تحریک کے سلسلہ میں میرے حصہ میں اٹھارہواں پارہ آیا جو میں نے پیش کردیا۔

(ماہنامہ تشحیذ الاذہان مارچ 1912ء جلد 7 ص101)

یہ بھی عشق کا انداز تھا کہ آپ نے قرآن کریم کی مختلف تفسیریں جمع کی تھیں جو اس دور میں یقیناً نایاب ہوتی تھیں اور بھیرہ یا قادیان منگوانا بہت مشکل ہوتا تھا۔ فرماتے ہیں:۔

ہمارے پاس قرآن مجید کی مختلف زبانوں کی تفاسیر موجود ہیں۔ مثلاً سندھی زبان کی نہایت اعلیٰ درجہ کی تفسیر ہے۔ اسی طرح چینی زبان کی تفسیر بھی ہمارے پاس موجود ہے۔ ایک تفسیر جاوی زبان کی بھی موجود ہے۔

سندھی، چینی اور جاوی زبانوں سے ناواقفیت کے باوجود ان تفسیروں کا حصول محض عشق کا ہی اعجاز ہے۔

26 فروری 1910ء کو فرمایا:۔

''مولانا مولوی فضل الرحمٰن صاحب گنج مرادآبادی کے ملفوظات میں میں نے پڑھا ہے۔ انہوں نے لکھا ہے کہ ہم نے مولانا شاہ عبدالقادر صاحب سے دو سو برس پہلے ایک بھاکا کا ترجمہ دیکھا ہے جس میں اللہ کا ترجمہ من موہن لکھا تھا۔ مجھ کو تو بڑا اشوق ہوا کہ اس ترجمہ میں بڑے بڑے مفید الفاظ ہوں گے مگر ملا نہیں''۔

حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی فرماتے ہیں:۔

تفسیر الفوز الکبیر سے حضرت خلیفۃ المسیح الاول کو بہت محبت تھی اور آپ اپنے درس میں اس کو ضرور رکھتے تھے۔ راقم کو جب یہ کتاب پڑھائی تو فرمایا مجھ کو یہ کتاب بہت ہی پسند ہے اور میں چاہتا ہوں کہ تم اس کا اردو ترجمہ کرو اور اس پر ایسے حواشی بھی لکھ دو جو بعض مضامین کو زیادہ واضح کردیں اور مسئلہ ناسخ منسوخ پر بھی ایک حاشیہ لکھو۔ کیونکہ خدا تعالیٰ نے اس زمانہ تک ان علوم و حقائق کو کھول دیا ہے جو اس وقت معلوم نہ تھے۔

میں نے اس حکم کی تعمیل میں اس کتاب کا ترجمہ کردیا ہے اور وہ ترجمہ آپ کی زندگی ہی میں کیا گیا اور اس کو حضور نے پڑھا اور درست کیا آپ کے قلم کی اصلاح اصل مسودہ پر موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ چاہے گا تو چھپ بھی جائے گا۔

آپ بہت وسیع المطالعہ تھے اور ہر مذہب کی کتابوں کے مطالعہ کے بعد آپ قرآن کی عظمت اور برتری پر گہرا یقین رکھتے تھے۔ فرمایا:

میں نے دنیا کے جملہ مذاہب کی کتابیں پڑھی اور سنی ہیں۔ ژند۔ سفرنگ۔ دساتیر۔ بائبل۔ وید۔ گیتا وغیرہ کتابوں پر بہت غور کیا ہے۔ دنیا کی تمام کتابوں کی اچھی باتوں کا خلاصہ اور بہتر سے بہتر خلاصہ قرآن کریم ہے۔

فرمایا:۔

میں نے بائبل۔ دساتیر وید وغیرہ تمام مذاہب کی کتابیں پڑھی بھی ہیں اور سنی بھی ہیں۔ مجھ کو سب سے قرآن کریم ہی کی عظمت نظر آئی اور کوئی چیز بھی گمراہی کا موجب نہیں ہوسکی۔

(الحکم 7/اکتوبر 1937ء)

سچی نماز

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں۔

''پس اللہ تعالیٰ کی عبادت خالص اطاعت کے ساتھ ہی ہوسکتی ہے۔ ورنہ (دین حق) اسے عبادت قرار ہی نہیں دیتا۔ اگر لمبی لمبی نمازیں پڑھنے والا فحشاء اور منکر سے باز نہیں آتا تو اس کی نمازیں سچی نمازیں نہ ہوں گی کیونکہ سچی نماز تو فحشاء اور منکر سے روکتی ہے''۔

(بسلسلہ فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2016ء
مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

عبدالسلام ریسرچ فورم کانفرنس

عبدالسلام ریسرچ فورم کے تحت 3 اور 4 دسمبر 2016ء کو ربوہ میں International Conference on Internal Medicine & Tropical Cardiology منعقد کی جارہی ہے۔ اس کانفرنس میں دنیا کے مختلف ممالک سے ڈاکٹر صاحبان اپنی ریسرچ پیش کریں گے۔ اس موقع پر نوجوان ڈاکٹر صاحبان کیلئے ایک مقابلہ کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ 30 سال سے کم عمر ڈاکٹر صاحبان اپنی ریسرچ Poster Presentation کی صورت میں پیش کرسکتے ہیں۔

Poster Presentation کی تفصیلات کانفرنس کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ www.medicalconf.com یا پھر فون نمبر 0345-3050084 پر رابطہ کر کے مطلوبہ تفصیلات معلوم کی جاسکتی ہیں۔

اس سے قبل اپنی ریسرچ 250 الفاظ کے Abstract کی صورت میں Info@medicalconf.com پر بذریعہ ای میل بھجوائیں۔ منظور ہونے والے Abstracts اس مقابلہ میں شامل ہوں گے۔ اس مقابلے میں اول آنے والی ریسرچ کو Abdus Salam Young Researchers Award دیا جائے گا۔ نوجوان ڈاکٹر صاحبان سے درخواست ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ اس کانفرنس میں شرکت فرمائیں۔ (نظارت تعلیم)

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 6 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

حضور انور کا افتتاحی خطاب جلسہ سالانہ برطانیہ

مورخہ 12۔اگست 2016ء۔سوال و جواب کی شکل میں

س: حضور انور نے جوبلی جلسہ سالانہ لندن کے حوالہ سے کیا فرمایا؟

ج: فرمایا! کہا جاتا ہے کہ اس سال جماعت احمدیہ برطانیہ کا 50واں جلسہ سالانہ ہے۔ کہا جاتا ہے میں نے اس لئے کہا ہے کہ بعض حقائق جو بعد میں سامنے آئے ہیں ان کے مطابق 1949ء اور 1950ء میں دو ایسے جلسے بھی منعقد ہوئے جو کسی وجہ سے شمار میں نہیں آئے۔ اس کے بعد 1964ء تک جلسے نہیں ہوئے اور 1964ء کے بعد بھی دو سال 1974ء اور 2001ء میں جلسے منعقد نہیں ہوئے۔ بعض پرانے لوگ 1949ء اور 1950ء کے جلسوں کو شمار نہیں کرتے۔ ایک عیدالاضحیٰ کے دن ہوا ایک دن کے جلسے تھے لیکن الفضل سے یہی پتا چلتا ہے کہ جلسے ہوئے۔ بہر حال برطانیہ کے جلسہ سالانہ کے حساب رکھنے میں جو غلطی ہوئی یا غلط فہمی ہوئی لیکن یہ بات یقینی ہے کہ برطانیہ میں جماعت احمدیہ کے جلسہ سالانہ کی تاریخ پچاس سال یا اس سے زائد ہے۔

س: جوبلی منانے کا مقصد کیا ہونا چاہیے؟

ج: فرمایا! دنیاداروں کی نظر میں جب کسی موقع کے پچاس سال پورے ہوتے ہیں تو وہ گولڈن جوبلی مناتے ہیں لیکن دینی جماعتوں کا یہ کام نہیں ہے۔ ہم نے دیکھنا ہے کہ جس مقصد کے حصول کیلئے ہم نے حضرت مسیح موعود کی بیعت کی اور جو مقصد جلسوں کا حضرت مسیح موعود نے بیان فرمایا اس کے حاصل کرنے کیلئے ہم نے کیا کوشش کی اور ہم کیا کوشش کر رہے ہیں۔

س: برازیل میں اولمپکس کھیل منعقد ہونے کے حوالہ سے حضور انور نے کیا فرمایا؟

ج: فرمایا! آج کل برازیل میں اولمپکس ہو رہے ہیں۔ چند دن کے کھیل کود کے لئے کئی بلین ڈالرز خرچ کر دیئے۔ ایسا ملک جس میں ایک بڑے طبقے کو کھانا بھی نہیں ملتا۔ کہتے ہیں حکومتی کارکنوں کی تنخواہیں بھی اتنی کم ہیں کہ مشکل سے گزارہ ہوتا ہے۔ ہنگامی حالات نافذ کر کے اولمپکس کیلئے سٹیڈیم اور جگہیں بنائی گئیں اور چند عارضی سہولتوں کے لئے بہت زیادہ خرچ کیا گیا جس کا بعد میں کچھ بھی فائدہ نہیں۔ اور یہ سب اس امید پر خرچ کیا گیا کہ دیکھنے والوں کی ٹکٹوں کے ذریعہ سے آمدنی ہو جائے گی حالانکہ ہر اولمپک کا یہ تجربہ ہے کہ ان کی صرف امیدیں ہوتی ہیں کبھی بھی خرچ پورے نہیں ہوتے۔

س: خدا کی خاطر کام کرنے والے کس چیز کو دیکھتے ہیں؟

ج: فرمایا! خدا تعالیٰ کی خاطر کام کرنے والے اس چیز کو دیکھتے ہیں کہ خدا تعالیٰ ہم سے کیا چاہتا ہے۔ خدا تعالیٰ کی جماعتوں میں کام کرنے والے غرباء ہوتے ہیں جو خوشی سے ہر قربانی کیلئے تیار ہو جاتے ہیں۔ اس زمانے کی اصلاح کیلئے اللہ تعالیٰ نے ایک مصلح کو بھیجا گیا اور ہم نے اعلان کیا کہ حقوق اللہ اور حقوق العباد قائم کرنے کیلئے آپ اور آپ کے بعد جاری نظام خلافت کی ہمیشہ اطاعت کرتے رہیں گے۔

س: اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا حق کیا ہے؟

ج: فرمایا! اللہ تعالیٰ کے حقوق میں سب سے بڑا حق یہی ہے کہ اس کی عبادت کی جاوے اور یہ عبادت کسی غرض ذاتی پر مبنی نہ ہو بلکہ اگر دوزخ اور بہشت نہ بھی ہوں تب بھی اس کی عبادت کی جاوے اور اس ذاتی محبت میں جو مخلوق کو اپنے خالق سے ہونی چاہئے کوئی فرق نہ آوے۔

س: دعا کرنے کی بابت حضرت مسیح موعود نے کیا نصیحت فرمائی ہے؟

ج: فرمایا! بنی نوع انسان کے ساتھ ہمدردی میں میرا یہ مذہب ہے کہ جب تک دشمن کیلئے دعا نہ کی جاوے پورے طور پر سینہ صاف نہیں ہوتا۔ اس لئے بغض کے ساتھ ذاتی دشمنی نہیں کرنی چاہئے اور حقیقتاً موذی نہیں ہونا چاہئے یعنی دوسروں کو دکھ دینے والا نہیں بننا چاہئے۔ شکر کی بات ہے کہ ہمیں اپنا کوئی دشمن نظر نہیں آتا کہ جس کے واسطے دو تین مرتبہ دعا نہ کی ہو۔

س: فصل اور وصل سے کیا مراد ہے؟

ج: فرمایا کہ ایک جگہ وہ فصل نہیں چاہتا یعنی علیحدگی نہیں چاہتا۔ انسان انسان سے علیحدہ ہو انسان ایک دوسرے کے حق ادا نہ کرے اور دوسری جگہ وصل نہیں چاہتا یعنی کہ کوئی اس کا شریک ٹھہرایا جائے۔

س: حقیقی مومن کون ہے؟

ج: فرمایا! مومن وہ ہے جو اپنے تمام وجود کو اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کیلئے وقف کر دے اور سپرد کر دے اور اعتقادی اور عملی طور پر اس کا مقصود اور غرض اللہ تعالیٰ کی ہی رضا اور خوشنودی ہو۔

س: نیکیوں کو بجالانے میں کس جذبہ اور احساس کی ضرورت ہے؟

ج: فرمایا! تمام نیکیاں اور اعمال حسنہ جو انسان سے صادر ہوں وہ با مشقت اور مشکل کی راہ سے نہ ہوں بلکہ ان میں ایک لذت اور حلاوت کی کشش ہو جو ہر قسم کی تکلیف کو راحت سے تبدیل کر دے۔ نیکیاں اگر کرنی ہیں تو یہ نہیں کہ کون سا بوجھ مجھ پر پڑ گیا بلکہ نیکیاں کرنے سے ایک لذت حاصل ہونی چاہئے اور ان کی طرف کشش ہونی چاہئے کہ ہم نے یہ نیکی کرنی ہے۔ اس طرح نیکیاں کرو جو ہر قسم کی تکلیف کو خوشیوں میں بدل دے۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی دلی خوشی سے ہو نہ کہ کسی مجبوری اور خوف کی وجہ سے تبھی تکلیف راحت میں بدلتی ہے۔

س: حضرت مسیح موعود نے اپنی اللہ تعالیٰ سے محبت اور اطاعت کی بابت کیا فرمایا ہے؟

ج: فرمایا! اگر مجھے اس امر کا یقین دلا دیا جاوے کہ خدا تعالیٰ سے محبت کرنے اور اس کی اطاعت میں سخت سے سخت سزا دی جائے گی تو میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میری فطرت ایسی واقع ہوئی ہے کہ وہ ان تکلیفوں اور بلاؤں کو ایک لذت اور محبت کے جوش اور شوق کے ساتھ برداشت کرنے کو تیار ہے اور باوجود ایسے یقین کے جو عذاب اور دکھ کی صورت میں دلایا جاوے کبھی خدا کی اطاعت اور فرمانبرداری سے ایک قدم باہر نکلنے کو ہزار بلکہ لا انتہا موت سے بڑھ کر اور دکھوں اور مصائب کا مجموعہ قرار دیتی ہے۔ جیسے اگر کوئی بادشاہ عام اعلان کرائے کہ اگر کوئی ماں اپنے بچے کو دودھ نہ دے گی تو بادشاہ اسے خوش ہو کر انعام دے گا تو ایک ماں کبھی گوارہ نہیں کر سکتی کہ وہ اس انعام کی خواہش اور لالچ میں اپنے بچے کو ہلاک کرے۔

س: اللہ تعالیٰ کی رحمت اور مغفرت کی وسعت کا کن الفاظ میں ذکر فرمایا؟

ج: استغفار کرتے رہو اور موت کو یاد رکھو موت سے بڑھ کر اور کوئی بیدار کرنے والی چیز نہیں ہے جب انسان سچے دل سے خدا کی طرف رجوع کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اپنا فضل کرتا ہے۔ یہ خدا تعالیٰ ہی ہے کہ جب بندہ سچے دل سے اس کی طرف آتا ہے تو وہ اس کے گناہوں کو معاف کر دیتا ہے اور رجوع برحمت فرماتا ہے اپنا فضل اس پر نازل کرتا ہے اور اس گناہ کی سزا کو معاف کر دیتا ہے۔

س: نماز بڑی ضروری چیز ہے اس کی بابت حضور انور نے کیا فرمایا ہے؟

ج: فرمایا! نماز بڑی ضروری چیز ہے اور مؤمن کی معراج ہے خدا تعالیٰ سے دعا مانگنے کا بہترین ذریعہ نماز ہے۔ نماز اس لئے نہیں کہ ٹکریں ماری جاویں یا مرغ کی طرح کچھ ٹھونگیں مار لیں۔ نماز وہ ہے جو دلی جوش سے پڑھی جائے اور اس کی عادت پڑنی چاہئے شروع میں لوگوں کے کہنے سے اس طرف توجہ پیدا ہوتی ہے نصیحت بھی کی جاتی ہے لیکن آہستہ آہستہ جب شروع کر دے انسان تو پھر دلی جوش سے ہمیشہ نمازوں کی طرف توجہ رہنی چاہئے۔ خدا تعالیٰ کی حضوری ہے اور خدا تعالیٰ کی تعریف کرنے اور اس سے اپنے گناہوں کے معاف کرانے کی مرکب صورت کا نام نماز ہے۔ پس نماز بہت ہی اچھی طرح پڑھو۔ کھڑے ہو تو ایسے طریق سے کہ تمہاری صورت صاف بتاوے کہ تم خدا تعالیٰ کی اطاعت اور فرمانبرداری میں دست بستہ کھڑے ہو۔ یہ معیار ہے اطاعت کا۔ اور جھکو تو ایسے جس سے صاف معلوم ہو کہ تمہارا دل جھکتا ہے اور سجدہ کرو تو اس آدمی کی طرح جس کا دل ڈرتا ہے اور نمازوں میں اپنے دین اور دنیا کیلئے دعا کرو۔

س: حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے اعلیٰ اخلاق کی حضور انور نے خطاب میں کون سی مثال بیان فرمائی؟

ج: فرمایا! نبی اکرم ﷺ نے یہاں تک اپنے اخلاق دکھائے ہیں کہ بعض وقت ایک بیٹے کے لحاظ سے جو سچا مسلمان تھا منافق کا جنازہ پڑھ دیا منافقوں کے سردار عبداللہ بن ابی سلول کے بیٹے کے کہنے پر اس کا جنازہ پڑھایا بلکہ اپنا مبارک کرتا بھی دے دیا۔

س: کمزور بھائیوں کی مدد کی بابت حضور انور نے کیا بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! تم اپنے بھائیوں کی مدد کرو۔ کمزور بھائیوں کا بار اٹھاؤ عملی، ایمانی اور مالی کمزوریوں میں بھی شریک ہو جاؤ۔ یعنی جو عملی طور پر کمزور ہیں ان کو پیار سے سمجھاؤ ان کے عملوں کو درست کرو ان کو نصیحت کرو ان کے قریب جاؤ ان کے دوست بنو ان کے ہمدرد بنو۔ جن میں ایمانی کمزوریاں ہیں ان کو قریب ہو کے سمجھاؤ۔ اگر ہمارا جو نظام ہے ہر سطح پر اس طرف توجہ دینے لگے اور عہدیدار ہر کمزور شخص کی طرف توجہ دینے لگیں تو بہت سارے ایک دوسرے کی کمزوریاں دور کر سکتے ہیں۔ بدنی کمزوریوں کا بھی علاج کرو۔ اس کیلئے بھی جماعت احمدیہ اپنے وسائل کے لحاظ سے دنیا میں خدمت کرتی ہے۔

س: حضرت مسیح موعود نے دینی علم کے حصول کے شوق کا کیا فائدہ بیان فرمایا ہے؟

ج: فرمایا! میں زیادہ امید ان پر کرتا ہوں جو دینی ترقی اور شوق کو کم نہیں کرتے۔ جو علمی ترقی چاہتا ہے اس کو چاہئے کہ قرآن شریف کو غور سے پڑھے جہاں سمجھ میں نہ آئے دریافت کریں۔ اگر بعض معارف سمجھ نہ سکے تو دوسروں سے دریافت کر کے فائدہ حاصل کرے۔ قرآن شریف ایک دینی سمندر ہے جس کی تہہ میں بڑے بڑے نایاب اور بے بہا گوہر موجود ہیں۔

س: عذاب کی بابت اللہ تعالیٰ کی کیا سنت ہے؟

ج: فرمایا! سنت اللہ یہی ہے کہ اگر ایک بھی نیک ہو تو اس کیلئے دوسرے بھی بچائے جاتے ہیں جیسے حضرت ابراہیمؑ کا قصہ ہے کہ جب لوطؑ کی قوم تباہ ہونے لگی تو انہوں نے کہا کہ اگر سو میں سے ایک ہی نیک ہو تو کیا تباہ کر دے گا کہا نہیں۔ لیکن جب بالکل حد ہی ہو جاتی ہے تو پھر **لا یخاف عقبھا** خدا کی شان ہوتی ہے۔ پلیدوں کے عذاب پر وہ پرواہ نہیں کرتا کہ ان کے بیوی بچوں کا کیا حال ہوگا اور صادقوں اور راستبازوں کیلئے **کان ابوھما صالحاً** کی رعایت کرتا ہے۔

س: آخر پر حضور انور نے کیا ارشاد فرمایا؟

ج: فرمایا! پس ہم سب کو اپنے جائزے لینے چاہئیں اور اگر کمزوریاں ہیں تو اپنی اصلاح کی کوشش کرنی چاہئے تا کہ مسیح موعود کی بعثت کی ضرورت ہمارے ہر عمل سے ظاہر ہو۔ پاک تبدیلیاں ہمارے اندر پیدا ہوں۔ اگر یہ ہوگا تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ آج ہم نے جو کچھ پایا ہے وہ دنیاوی دولتوں سے بہت بڑھ کر ہے۔ اگر یہ نہیں تو ہماری پچاس سالہ تقریبات یا سو سال سے زائد جماعت کی تاریخ کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔ خدا کرے کہ ہم میں سے اکثریت اس کو پانے والی ہو سمجھنے والی ہو۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ ایسا ہی ہو۔ جلسہ کے دنوں میں دعاؤں، ذکر الٰہی اور عبادتوں کی طرف خاص طور پر زور دیں۔

☆☆☆☆☆

مکرم طارق حیات صاحب

ایک احمدی مثالی طالب علم کے اوصاف اور محنت کے گُر

احمدیہ لٹریچر سے علم دوستی اور علم پروری کے واقعات سے انتخاب

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ تمام جماعت کو تعلیم و تربیت کے میدان میں نمونہ بننے کی طرف متوجہ فرماتے رہتے ہیں، کیونکہ جماعت احمدیہ عالمگیر جہاں تعلق باللہ، عبادات، مالی قربانی، مخلوق خدا کی ہمدردی اور دیگر تمام صفات حسنہ میں نمونہ اور بے مثل ہے اسی طرح درس و تدریس اور تعلیم کے میدان میں بھی مثال ہے۔

حضرت مسیح موعود کے دعویٰ اور جماعت احمدیہ کی بنیاد رکھنے سے لے کر آج تک جماعت احمدیہ کی شہرت اور بحیثیت مجموعی پہچان علم دوست جماعت کی ہے۔

مثلاً حضرت مسیح موعود کی حین حیات میں پادری گرسفورڈ نے The Messiah Of Qadian نامی کتاب میں جماعت کا مختصر تعارف تیار کیا تو لکھا کہ

''ایسا ارادہ معلوم ہے کہ قادیان تحریک احمدیت کا تعلیمی مرکز ہوگا۔ مرزا صاحب کا قادیان کا ہائی سکول ترقی کی منازل طے کرتا ہوا سیکنڈری کالج کے درجہ تک پہنچ چکا ہے اور معیاری تعلیم سے آراستہ کر رہا ہے، یہاں اس حقیقت کا اظہار ضروری معلوم ہوتا ہے کہ امسال یونیورسٹی کے امتحان میں عبرانی کا مضمون لینے والا پنجاب کا واحد طالب علم قادیان سے تھا۔ جبکہ مزید ایک طالب علم نے داخلہ کے امتحان کے لئے اور ایک نے انٹرمیڈیٹ کے درجہ کے امتحان کے لئے عبرانی زبان کا انتخاب کیا ہے''۔

(ملخص از کتاب The Messiah of Qadian by Rev. H. D. Grisword M.A. ص 12)

ذیل میں احمدیہ لٹریچر سے ایسے چند واقعات کا انتخاب پیش کیا جا رہا ہے جن کا مطالعہ جہاں احمدی طلباء و طالبات کو تعلیمی میدان میں کارہائے نمایاں انجام دینے کا جذبہ پروان چڑھانے اور نیکی و تقویٰ میں ترقی کرنے، اپنے پیش رووں کی طرح ''مثالی طالب علم'' بننے کا سبب بنے گا وہاں احمدی والدین کے لئے مشعل راہ اور رہنمائی و نگرانی کے لحاظ سے بھی مفید ٹھہرے گا۔

بلند ہمت والدین

حضرت حکیم حافظ مولوی نورالدین خلیفۃ المسیح الاول کو عمر بھر تحصیل علم اور فروغ علم کے ساتھ ایک خاص اور غیر معمولی شغف رہا، اس کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کرتے تھے کہ دراصل میرے والد صاحب محترم کی وجہ سے مجھے یہ شوق پیدا ہوا۔ فرمایا:

''میرے باپ کو اپنی اولاد کی تعلیم کا بہت شوق تھا۔ مدن چند ایک ہندو عالم تھا وہ کوڑھی ہو گیا۔ لوگوں نے اسے باہر مکان بنا دیا۔ میرے باپ نے اس کے پاس میرے بھائی کو پڑھنے کے لئے بھیجا۔ لوگوں نے کہا۔ خوبصورت بچہ ہے کیوں اس کی زندگی کو ہلاکت میں ڈالتے ہو۔ اس پر میرے باپ نے کہا کہ مدن چند جتنا پڑھ کر اگر میرا بیٹا کوڑھی ہو گیا تو کچھ پروا نہیں۔

تم بھی اپنے بچوں کے ایسے باپ بنو۔ میرا باپ ایسا بلند ہمت تھا کہ اگر وہ اِس زمانہ میں ہوتا تو مجھے امریکہ بھیج دیتا''۔

غیر معمولی منزل

حضرت خلیفۃ المسیح الاول جب بغرض تعلیم حکیم علی حسین صاحب کے پاس لکھنو تشریف لے گئے تو آپ فرماتے ہیں کہ

...... کچھ عذر معذرت کے بعد حکیم صاحب کی ...... پیشکش منظور کر لی۔ پھر حکیم صاحب نے فرمایا: طب کہاں تک پڑھنا چاہتے ہو؟ میں نے کہا افلاطون کے برابر۔ حالانکہ مجھے قطعاً خبر نہ تھی کہ افلاطون کوئی حکیم ہے یا طبیب۔ آپ نے ہنس کر فرمایا کچھ تو ضرور ہی پڑھ لوگے۔ اگر کسی چھوٹے کا نام لیتے تو میرے دل کو بہت صدمہ پہنچتا کیونکہ ہر انسان اپنی غایت مطلوب تک نہیں پہنچتا۔

انتہائی مشکلات

حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد المصلح الموعود اپنی ظاہری تعلیم کے متعلق فرماتے ہیں کہ

''میں نے حضرت خلیفۃ المسیح الاول سے جس طرح پڑھا ہے اور کوئی شخص نہیں پڑھ سکتا۔ آدھ آدھ پارہ بخاری کا آپ پڑھاتے تھے اور کہیں کہیں خود بخود ہی کچھ بتا دیتے تھے اور بعض اوقات سبق کے انتظار میں سارا سارا دن گزارنا پڑتا تھا اور کھانا بھی بے وقت کھایا جاتا تھا اسی وقت میرا معدہ خراب ہوا تھا''۔

صرف محنت کا صلہ

حضرت حافظ مرزا ناصر احمد خلیفۃ المسیح الثالث کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ:

گورنمنٹ کالج لاہور کے زمانہ طالب علمی میں آپ کو ایک دلچسپ واقعہ پیش آیا امتحان کے دنوں میں بعض لڑکوں کو اگلے روز ہونے والے امتحانی پرچہ کا علم ہو گیا۔ انہوں نے نصف شب آپ کو جگایا اور امتحانی پرچہ کی نقل دینا چاہی۔ آپ نے فرمایا:

''میں صرف اصل محنت کا صلہ لینے کا حق دار ہوں جو میں نے کی۔ جو نمبر مفت ملتے ہیں وہ میں کبھی نہ لوں گا۔ تم نے اپنی سمجھ کے مطابق مجھے فائدہ پہنچانے کی کوشش کی اس کے لئے میری طرف سے شکریہ۔ مگر اب مجھے سونے دیجئے''۔

یہ سن کر پرچہ بردار دوست شرمندہ ہو کر چلے گئے۔ (الفضل 2 مئی 1971ء)

بیماری اور امتحان

حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خاں صاحب نے چودہ سال کی عمر میں باوجود لاحق ہونے مرض آشوب چشم کے، میٹرک کے امتحان میں شمولیت اختیار کی اور فرسٹ ڈویژن میں پاس ہوئے اور اپنے مدرسہ (امریکن مشن ہائی سکول سیالکوٹ) میں اول آئے۔

شدید مخالفت

میٹرک کے بعد پندرہ سال کی عمر میں چوہدری ظفر اللہ خاں صاحب کو گورنمنٹ کالج لاہور میں داخل کروا دیا گیا۔ اس زمانہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

اس زمانہ میں سلسلہ احمدیہ کی سخت مخالفت ہو رہی تھی۔ میں ڈارمیٹری میں اکیلا احمدی تھا۔ ہم کل آٹھ طالب علم اس کمرہ میں رہتے تھے۔ دو تین ان میں سے کبھی شرارت پر اتر آتے تھے مجھے دق کرتے۔ پہلے سال گرمیوں کی تعطیلوں میں جب میں گھر گیا تو میں نے والد صاحب کی خدمت میں گزارش کی کہ میری رہائش کا انتظام ہوسٹل کے باہر کر دیا جائے۔ وجہ معلوم ہونے پر انہوں نے فرمایا تم ابھی سے گھبرا گئے ہو، زندگی میں تمہیں اس سے بھی بہت بڑی مشکلوں کا سامنا ہوگا۔ اگر ابھی برداشت کی عادت نہیں ڈالو گے تو آگے چل کر کیا کرو گے۔ میں خاموش ہو گیا۔

انٹرمیڈیٹ کے دونوں سالوں میں گرمیوں میں مجھے آشوب چشم کی بڑی سخت تکلیف رہی اور آزمائشی امتحانات میں سے اکثر میں تو شمولیت ہی اختیار نہ کر سکا اور بعض میں بہترین کارکردگی نہ دکھا سکا۔

یونیورسٹی کے امتحانات کی تیاری کے لئے سردیوں کے تین چار مہینے میسر آ گئے ان آخری مہینوں میں اوسطاً دس بارہ گھنٹے توجہ سے مطالعہ کر لیتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے کمال فضل اور رحم سے مجھے یونیورسٹی کے امتحان میں کامیابی عطا فرمائی۔

درسی کتب بھی جلا دیں

سیدنا حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے محترم ڈاکٹر مہدی علی قمر صاحب شہید کا ذکر خیر کرتے ہوئے فرمایا:

''ڈاکٹر صاحب شہید نے ابتدائی تعلیم ربوہ میں ہی تعلیم الاسلام سکول اور کالج میں لی۔ نہایت ذہین اور ہونہار طلباء میں ان کا شمار ہوتا تھا۔ پھر پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد میں میڈیکل کی تعلیم شروع کی۔ وہاں پڑھائی کے دوران احمدیت کی وجہ سے طلباء نے کافی مخالفت کی۔ کتابیں اور سامان وغیرہ جلا دیا۔ جس کی وجہ سے کچھ عرصہ کے لئے ربوہ واپس آ گئے۔ پھر حالات بہتر ہوئے تو پھر دوبارہ جا کر تعلیم شروع کی۔ ایم بی بی ایس کا امتحان پاس کیا''۔

مثالی طالب علم

محترم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کی ہمشیرہ مکرمہ حمیدہ بشیر صاحبہ بیان کرتی ہیں کہ بھائی جان کی زندگی کا محور تعلیم سے شغف ہوتا تھا اس لئے بیکار باتوں میں وقت ضائع نہیں کرتے تھے۔ اور تعلیم کی طرف توجہ ہوتی تھی۔

گھر میں ان کا ٹائم ٹیبل کچھ یوں ہوتا تھا صبح اٹھے، نماز، قرآن کریم کی تلاوت کے بعد ناشتہ کرنا، گھر کے دھلے استری سے بے نیاز کپڑے پہنے، بستہ بغل میں دبانا اور سب کو خدا حافظ، السلام علیکم کہہ کر (جب تک سائیکل نہیں خریدا تھا) پیدل سکول جاتے تھے۔ رستہ میں کوئی ہم کلاس مل گیا تو پہاڑے یاد کرتے ہوئے سکول جا پہنچے۔ سادگی، عاجزی اور اطاعت کا دخل ان کی زندگی میں بہت تھا۔ لکھنے اور پڑھنے میں ان کا اپنا ہی انداز تھا۔ ایک طرف میز پر کتابیں ایک طرف کاپیاں، پنسل، سلیٹ، سلیٹی، ہمارے بچپن میں سکول میں ہولڈر اور نب، قلم، دوات اور تختی ہوا کرتی تھی۔ جس سے سب بچے لکھا کرتے تھے قلم سے ہی تختی پر خوشخطی کی مشق کرائی جاتی تھی۔

ذہن میں یہ عادت ڈال دی گئی تھی کہ رات کو جلدی سو جانا ہے اور صبح فجر سے پہلے ہی اٹھنا ہے۔ لیکن بھائی جان تو سب سے پہلے جاگ کر اپنے کمرے میں پڑھ رہے ہوتے تھے۔ یہ ان کا معمول ہی دیکھا، چھٹی کے دن بھی نہیں سویا کرتے تھے۔

سردی ہو یا گرمی ایک بڑا سا کوٹ زیب تن ہوتا تھا۔ اس کی اندر کی جیب میں چھوٹے سائز کا ترجمہ قرآن کریم، دعاؤں کی کتاب، پاسپورٹ، کاغذات، اوپر سامنے کی جیب میں لاتعداد پن موجود ہوتے۔ غالبًا ان کے وزن کے برابر کوٹ تھا۔ ایک بار جانے لگے تو وہ کوٹ میں نے ہی ان کو پہنایا اور بے تکلفی سے پوچھا کہ آپ اتنا وزن کیوں اٹھاتے ہیں۔ فالتو چیزیں بکس میں رکھ لیں۔ فرمایا کہ یہ ضرورت کا سامان ہوتا ہے۔ میرے پاس وقت نہیں ہوتا کہ بار بار بکس سے نکالوں۔

پاکستان میں آمد پر ایک ضروری امر یہ ہوتا تھا کہ وہ تقریباً جہاں بھی جاتے مختلف کتابیں ضرور خریدتے۔ اگر خود نہ لے جا سکتے تھے تو بعد میں پارسل کے ذریعہ پہنچ جاتیں۔ کسی پر بار نہیں ہوتا تھا کہ کوئی آئے تو لیتا آئے۔ کسی پر بوجھ ڈالنا تو عادت نہ تھی۔ بک سیلرز خود ہی پارسل کرتے تھے۔ اکثر کتابیں اٹلی لے جاتے تھے۔ لندن میں آپ کا گھر حقیقتاً کتابوں سے ہی سجا ہوا ہے۔ کمرہ میں کئی شیلف نہایت سلیقہ سے کتابوں سے ترتیب سے بھرے ہوئے ہیں۔ جن میں ایک بہت بڑا حصہ

مختلف ممالک سے لائے ہوئے قرآن کریم سے بھی مزین کیا ہوا ہے۔

جھنگ شہر میں ایک ہمارا آبائی مکان ہے جسے بھائی جان نے نوبیل انعام ملنے کے بعد 1979ء میں حکومت پاکستان کے محکمہ آثار قدیمہ کو ''ان ہاؤس'' میوزیم بنانے کے لئے دے دیا تھا۔ دوسرا مکان ہمارے والد صاحب نے تعمیر کرایا تھا۔ جس میں تین کمرے، ایک بیٹھک، ایک سٹور اور ایک برآمدہ ہے۔ کمروں کے سامنے ایک کشادہ صحن ہے۔ ایک کمرہ میں ٹرنک اور دوسرا گھریلو سامان رکھا ہوتا تھا۔ بھائی جان اسی کمرہ میں پڑھائی کرتے اور سوتے بھی تھے۔ ان کی چارپائی کے ساتھ ایک میز رکھی ہوتی تھی جس پر وہ اپنی کتابیں وغیرہ رکھتے تھے۔

(ماہنامہ خالد، ڈاکٹر عبدالسلام نمبر ص 57-56 ستمبر 2004ء)

طالب علم اور دعوت الی اللہ

حضرت حافظ ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین صاحب کے زمانہ طالب علمی کا ذکر کرتے ہوئے حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب لکھتے ہیں:

طالب علمی کے ایام میں میں نے اس امر کا بغور مطالعہ کیا کہ ڈاکٹر صاحب حضرت مسیح موعود کی کتب کے متعدد نسخے منگوا کر رکھتے تھے اور نہایت ہی فراخ دلی سے ان لوگوں کو دیتے تھے جو ذرہ بھی شوق ظاہر کریں۔ معمولی قیمت کی کتابیں نہیں براہین احمدیہ جیسی قیمتی کتاب''۔

تعلیم کے ساتھ کھیل بھی ضروری

رسالہ ریویو آف ریلیجنز، اردو 1910ء میں رپورٹ بابت کارکردگی مدرسہ احمدیہ شائع ہوئی۔ لکھا:

''ہمارا مدرسہ ضلع میں خاص شہرت رکھتا ہے۔ چنانچہ گزشتہ ٹورنامنٹ کے موقع پر کل انعامات میں سے قریباً نصف تعلیم الاسلام ہائی سکول نے حاصل کئے حالانکہ ضلع میں دو سرکاری اور دو مشنریوں کے اعلیٰ درجہ کے ہائی سکول ہیں۔ بچوں کی جسمانی ورزش کی طرف ماسٹر عبدالرحیم صاحب خاص توجہ رکھنے کے باعث خاص شکریہ کے مستحق ہیں۔

(ریویو آف ریلیجنز اردو۔ فروری 1910ء صفحہ 80)

آغاز سے ہی محنت کی عادت

حضرت چوہدری سر ظفراللہ خاں صاحب سکول کے ابتدائی درجوں میں اپنے والد صاحب کے مقرر کردہ ٹائم ٹیبل کے مطابق اس طرح دن گزارتے تھے۔ فرمایا:

''تجویز کردہ پروگرام کے مطابق مدرسے کے ابتدائی درجوں میں ہی ملازم صبح ہوتے ہی مجھے ٹیوٹر کے پاس چھوڑ آتا، وہاں سے میں مدرسے چلا جاتا، میرا کھانا مدرسے بھیج دیا جاتا، مدرسے سے میں پھر ٹیوٹر کے پاس چلا جاتا۔ وہیں میرے لئے گھر سے دودھ آجاتا۔ شام کو میں کھانے کے لئے گھر آتا۔ کھانا ختم ہوتے ہی ملازم مجھے ٹیوٹر کے پاس چھوڑ آتا اور رات کو مجھے واپس گھر لے آتا''۔

قرآن کریم مقدم رہے

حضرت چوہدری صاحب کے والد صاحب کی بڑی خواہش تھی کہ ان کے بیٹے کو قرآن کریم کا ترجمہ آجائے۔ پہلے انہوں نے حضرت چوہدری صاحب کو مولوی عبدالکریم صاحب اور پھر مولوی فیض الدین صاحب کے پاس بھجوایا۔ آشوب چشم کی وجہ سے باقاعدہ حاضر نہ ہوسکتے تھے، لہٰذا رفتار سست رہی۔

آپ روایت کرتے ہیں۔

جب میٹریکولیشن کے امتحان میں صرف چھ ماہ باقی رہ گئے تو والد صاحب نے دریافت فرمایا کہ قرآن کریم کا ترجمہ کہاں تک پڑھ لیا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ ساڑھے سات پارے ختم کئے ہیں۔ اس پر انہوں نے فرمایا کہ اس رفتار سے تو تم شاید کالج جانے تک دس پارے بھی نہ مکمل کرسکو اور میری بڑی خواہش ہے کہ کالج جانے سے پہلے تم سارے قرآن کا سادہ ترجمہ ضرور سیکھ لو۔ اس سے آگے تمہارے ذوق اور اخلاص پر منحصر ہے مگر اس قدر سکھا دینا میرا فرض ہے۔

اب وقت تھوڑا رہ گیا ہے تم دن میں فراغت کے وقت دو تین رکوع کا ترجمہ دیکھ لیا کرو اور شام کو مجھے سنا دیا کرو چنانچہ اس طریقہ پر انہوں نے امتحان تک مجھ سے قرآن کا ترجمہ سن لیا۔

نیا مضمون

اب احمدیہ لٹریچر سے ایسے چند واقعات کا انتخاب پیش کیا جارہا ہے جن کا مطالعہ احمدی طلباء و طالبات کو تعلیمی میدان میں کارہائے نمایاں انجام دینے کا جذبہ پروان چڑھانے اور نیکی و تقویٰ میں ترقی کرنے، اپنے پیش روؤں کی طرح ''مثالی طالب علم'' بننے کا سبب ہوگا نیز ان کا مطالعہ اور دہرائی احمدی والدین و بزرگان کے لئے رہنمائی و نگرانی کے لحاظ سے بھی مفید ٹھہرے گا۔

مثالی والدین

حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے ایک موقع پر اپنے والد محترم کے ذکر میں فرمایا:

''اللہ تعالیٰ میرے باپ پر رحم فرمائے۔ انہوں نے مجھ کو اس وقت جب کہ میں تحصیل علم کے لئے پردیس جانے لگا۔ فرمایا اتنی دور جاکر پڑھو کہ ہم میں سے کسی کے مرنے جینے سے ذرا بھی تعلق نہ رہے اور تم اس بات کی اپنی والدہ کو خبر نہ کرنا''۔

کتب بینی کی عادت

حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے ایک موقع پر فرمایا:

''مجھ کو اپنے سن تمیز سے بھی پہلے کتابوں کا شوق تھا بچپنے میں جلد کی خوبصورتی کے سبب کتابیں جمع کرتا تھا۔ سن تمیز کے وقت میں نے کتابوں کا بڑا انتخاب کیا اور مفید کتابوں کے جمع کرنے میں بڑی کوشش کی''۔

محنت کی عادت

حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالث کے متعلق آپ کے بچپن کے دوست اور کلاس فیلو شیخ محبوب عالم خالد صاحب گورنمنٹ کالج لاہور کے زمانہ کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ آپ روزانہ کالج کے علاوہ چھ سات گھنٹے پڑھتے تھے اور چھٹی والے دن بارہ بارہ، تیرہ تیرہ گھنٹے پڑھتے تھے۔

شادی کے فوراً بعد اعلیٰ تعلیم کے لئے لندن روانگی

6 ستمبر 1934ء کو حضرت مصلح موعود نے حضرت مرزا ناصر احمد صاحب کو اعلیٰ تعلیم کے لئے انگلستان بھجوایا۔ آپ کی شادی کو ابھی ایک ماہ ہی گزرا تھا کہ آپ نے اعلیٰ تعلیم کیلئے پردیس کو رخت سفر باندھ کر روانہ ہوگئے۔

حضرت مرزا ناصر احمد صاحب نے اپنے زمانہ قیام انگلستان میں ساتھی طلبہ کو بطور خاص دیکھا کہ وہ کتنا مطالعہ کرتے ہیں۔ ایک موقع پر فرمایا،

''آکسفورڈ میں اچھا طالب علم وہ سمجھا جاتا ہے جو کلاس ورک کے علاوہ بارہ بارہ گھنٹے سٹڈی کرتا ہے، یعنی کلاس روم کے علاوہ بارہ گھنٹے سٹڈی کرنے والا اچھا طالب علم اور آٹھ گھنٹے سٹڈی کرنے والا درمیانہ طالب علم اور جو کلاس روم کے علاوہ پانچ گھنٹے سٹڈی کرتا تھا اس کے متعلق وہ کہتے تھے کہ پتہ نہیں یہ یہاں کیوں آگیا ہے؟ اسے پڑھائی سے کوئی دلچسپی نہیں ہے مگر ہمارے ہاں اچھا طالب علم شائد اسے سمجھا جاتا ہے جو روزانہ پانچ گھنٹے اوسط پڑھتا ہے لیکن وہاں انہوں نے وقت مقرر کیا ہوتا ہے کہ آٹھ یا دس گھنٹے یا بارہ گھنٹے ضرور پڑھائی کرنی ہے''۔

سعادت مند بیٹا

مکرم زکریا ورک صاحب ڈاکٹر اعجاز قمر صاحب مرحوم کے سعادت مند بیٹے ڈاکٹر طاہر اعجاز صاحب کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''آپ کا لخت جگر ڈاکٹر طاہر اعجاز (ایم ڈی) اس وقت سان تیاگو، کیلی فورنیا میں برسر روزگار ہے۔ نہایت سعادت مند بیٹا ہے۔ مجھے یاد ہے کہ آج سے سترہ یا اٹھارہ سال قبل جب وہ کنگسٹن کے جنرل ہسپتال میں ٹریننگ کے لئے آیا تھا تو میں نے اس کی رہائش کا انتظام کیا تھا۔ جب ہوٹل میں میں اس کو چھوڑنے گیا تو دیکھا کہ سوٹ کیس میں سب سے اوپر جائے نماز رکھا تھا جس کو اس نے سب سے پہلے باہر نکالا۔ میرے استفسار پر جو یادگار جواب دیا وہ آج بھی میرے ذہن پر ثبت ہے۔ کہنے لگا کہ میری والدہ نے نصیحت کی تھی Don't leave home without it۔ یعنی جائے نماز کے بغیر سفر کے لئے نہ نکلنا۔ اس زمانے میں ٹیلی ویژن پر اشتہار آتا تھا کہ امریکن ایکسپریس کارڈ کے بغیر گھر سے باہر مت جاؤ۔ تو اس مناسبت سے والدہ کی نصیحت بہت ہی موزوں اور اچھی تھی۔ نیک ماں نے بچے کی کتنی اچھی تربیت کی تھی اور بچہ بھی کتنا تابعدار کہ والدہ کی نصیحت کو حرز جاں بنالیا''

(روزنامہ الفضل ربوہ، یکم دسمبر 2014ء)

غیر معمولی جذبہ

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب لاہور میں بی اے کی تعلیم پا رہے تھے کہ اچانک آپ نے کالج چھوڑ دیا اور قادیان آکر حضرت خلیفۃ المسیح الاول سے قرآن و حدیث پڑھنے میں مشغول ہو گئے۔ روایت ہے کہ کالج چھوڑنے کی وجہ یہ ہوئی کہ کسی طالب علم نے احمدیت کے متعلق کوئی ایسا سوال کیا جس کا آپ فوری جواب نہ دے سکے۔ اس کا آپ کی طبیعت پر ایسا اثر ہوا کہ آپ نے کالج چھوڑ دیا اور یہ فیصلہ کیا کہ جب تک میں قرآن پورے طور پر نہ پڑھ لوں گا میں کالج نہیں آؤں گا۔

محترم قاضی ظہور الدین اکمل صاحب رسالہ تشحیذ الاذہان میں لکھتے ہیں کہ مجھ سے حضرت مرزا بشیر احمد صاحب نے فرمایا: وہ کالج تو پھر مل جائے گا مگر زندگی کا کچھ اعتبار نہیں۔ ممکن ہے کہ قرآن مجید اور حدیث پڑھنے کا اور پھر وہ بھی نور الدین ایسے پاک انسان سے پھر موقع نہ مل سکے اس لئے میں نے یہی بہتر جانا۔

آپ کے کالج چھوڑنے کا پرنسپل کو خاص افسوس ہوا، اس نے یہ الفاظ لکھے:

An Excellent Student. His leaving is a loss to the college. (G. A. W.)

یقیناً آپ ایک لائق طالب علم تھے اور آپ کا کالج کو چھوڑ جانا کالج کے لئے ایک نقصان دہ امر ہے۔ (تشحیذ الاذہان، مارچ 1913ء ص 154)

سینئرز اور جونیئرز

مکرم ڈاکٹر مہدی علی قمر صاحب کی شہادت کے بعد خطبہ جمعہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

''ان کے ایک دوست ڈاکٹر محمود کہتے ہیں کہ ہم میڈیکل کالج میں روم میٹ تھے، وہاں دیکھنے کا موقع ملا، صوم و صلاۃ کے پابند تھے اور میرے سے سینئر تھے اس لئے کوئی غلط کام دیکھتے تو بڑے پیار سے رہنمائی بھی فرماتے تھے۔ خدمت خلق کا جذبہ ہمیشہ غالب رہا''۔

مکرم پروفیسر منور شمیم خالد صاحب

مادرِ علمی۔ G.C. لاہور کی بھولی بسری یادیں اور

حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب کی عملی شان کا ذکرِ خیر

دنیائے تعلیم و تعلّم میں G.C. مخفف ہے کالجوں، باغوں اور رنگ برنگے پھولوں بھرے شہر لاہور کے اعلیٰ تعلیمی ادارے گورنمنٹ کالج کا جس نے سال 2014ء میں اپنے قیام کی 150 ویں سالگرہ منائی۔ قادیان دارالامان سے ایک سوکلومیٹر کے فاصلہ پر لاہور کے اس عالمی شہرت کے حامل ادارہ کو ایک خاص شرف یہ بھی حاصل رہا ہے کہ خاندان حضرت اقدس مسیح موعود کے کئی ایک بابرکت افراد نے اعلیٰ تعلیم کے لئے جی سی میں داخلہ لیا اور اپنے اعلیٰ اخلاقی کردار، مثالی کارکردگی اور اپنی خداداد صلاحیتوں سے اس ادارہ کو کئی ایک رفعتوں اور بلندیوں سے ہمکنار کیا اور پھر ضلع جھنگ میں پیدا ہونے والے ہمارے احمدی طالبعلم عبدالسلام نے سائنس کی ملکہ کہلانے والے مضمون فزکس میں نوبیل انعام حاصل کرکے اپنے اس مادر علمی کے علاوہ اپنے خاندان، جائے پیدائش، قوم اور اپنے پیارے وطن پاکستان کے نام کو ساری دنیا میں روشن کئے رکھا۔ ہمارے وقت میں یعنی گزشتہ صدی کے چھٹے عشرہ کے آغاز پر تعلیم الاسلام کالج سے گریجوایشن کرنے والے جن ایک درجن سے زائد طلباء نے اعلیٰ تعلیم کے لئے لاہور کا قصد کیا ان میں محترم صاحبزادہ مرزا حنیف احمد صاحب، محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب اور صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب بھی شامل تھے ہم سے کچھ عرصہ قبل محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب نے بھی ایم اے انگریزی کے لئے گورنمنٹ کالج ہی میں داخلہ لیا تھا۔ ایک ایسی ہی علمی تقریب کے موقع پر جب معروف صحافی جعفری صاحب سے تعارف ہوا تو انہوں نے محترم مرزا خورشید احمد صاحب کا نام لے کر ان کی خیریت دریافت کی اور بتایا کہ محترم مرزا صاحب گورنمنٹ کالج میں ان کے کلاس فیلو تھے۔ یہ سن کر یاد آیا کہ حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الثالث) اور میرے والد محترم شیخ محبوب عالم خالد بھی جی سی میں کالج فیلو تھے اور حضرت قاضی محمد اسلم صاحب بانی صدر شعبہ اپلائیڈ سائیکالوجی کے خاص شاگردوں میں سے تھے اور حضرت قاضی صاحب کی راہنمائی اور حوصلہ افزائی سے ہی والد صاحب نے بی اے آنرز (سائیکالوجی کے ساتھ) کیا۔ بعد میں آپ نے ہائی سکول اور کالج کے قواعد وضوابط کی ضرورت کی خاطر بی ٹی ایم اے عربی اور ایم اے اردو بھی کیا اور 1944ء میں تعلیم الاسلام کالج کے قیام سے 1969ء میں ریٹائر ہونے تک تدریسی فرائض ادا کئے۔

اس طرح ہماری زندگی اور جی سی کے ساتھ یہ عرصہ اب ماضی کی تاریخ کا حصہ بن چکا ہے۔ محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ٹی آئی کالج کے انگلش ڈیپارٹمنٹ کے صدر رہے اور جب 1972ء میں کالج قومی تحویل میں لیا گیا تو محترم صاحبزادہ صاحب نے استعفیٰ دے دیا۔ محترم مرزا حنیف احمد صاحب مغربی افریقہ کے ملک سیرالیون میں احمدیہ سکول کے پرنسپل بن کر تشریف لے گئے اور محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب دوسری جماعتی خدمات میں لگ گئے۔ محترم مرزا انس احمد صاحب اور خاکسار راقم کو حضرت پرنسپل صاحب نے اپنے پاس کالج کے لئے طلب فرمالیا۔ بہرحال وہ دن اور آج کا دن جبکہ ہمارا جی سی اپنی زندگی کی ایک سو پچاسویں سالگرہ منا رہا ہے۔

